رول نمبر:..................

جماعت دہم

# اُردو (حصہ انشائی) گروپ پہلا

## وقت: 02:10 گھنٹے کل نمبر: 60

## ( حصہ اوّل )

2۔ حصہ نظم میں سے تین جبکہ حصہ غزل میں سے دو اشعار کی مختصر تشریح کیجیے: 10

**(حصہ نظم)**

(i) جلوۂ قدرت کا شاہد ، حسنِ فطرت کا گواہ — ماہ کا دل ، مہر عالم تاب کا نورِ نگاہ

(ii) سب محنت کش گلے ملے اور ابھرا اک پیغام — اس پیغام کو سمجھو یہ ہے قدرت کا انعام

(iii) مجھے بیاہ کی تصویر بھیج دیں جھٹ پٹ — یہ دیکھنا ہے کہ بیٹھے ہیں آپ کس کروٹ

(iv) اصولِ محبت ہے ، پیغام جس کا — وہ محبوبِ ﷺ پروردگار آ گیا ہے

**(حصہ غزل)**

(v) روح کو بھی مزا محبت کا — دل کی ہمسائگی سے ملتا ہے

(vi) نازک تھے کہیں رنگِ گل و بوئے سمن سے — جذبات کہ آداب کے سانچے میں ڈھلے ہیں

(vii) میں درماندہ اس بارگاہِ عطا کا — گنہ گار ہوں ، اک خطا ہو گئی ہے

## ( حصّہ دوئم )

3۔ مندرجہ ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ خط کشیدہ الفاظ کے معانی، سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھئے۔ 05,05

(i) گاڑی کو جنبش ہوئی اور وہ دوڑ کر آگے چلا گیا۔ سٹیشن کی دکانیں، خوانچے والے اور قلی اس کی نظروں کے سامنے سے بھاگ رہے تھے۔ وہ دیر تک کھڑی سٹیشن کی بتیوں کو، جواب اندھیری رات میں جگنو کی طرح چمک رہی تھیں، گھورتی رہی۔ آخر گھپ اندھیرے میں اس کی نظریں ٹھوکریں کھانے لگیں۔

(ii) ان کی بیگم بھی ادبی ذوق رکھتی تھیں۔ دو ایک ناول ان کے بھی شائع ہو چکے ہیں۔ اولاد سعادت مند، بیوی سلیقہ شعار، پنشن اتنی کہ بڑھاپے میں کسی کی محتاجی نہیں۔ کھانا سادہ، لباس سادہ، رہن سہن سادہ، پھر احتیاج ہو تو کس بات کی؟ قَلْبِ مُطْمَئِنَّہ کی دولت سے مالا مال تھے۔

4۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے: 10

(i) اللہ تعالیٰ نے یہ کائنات کونسا ایک لفظ کہہ کر بنائی ہے؟

(ii) شاعر نے ارتقا کا پیشوا کسے کہا ہے؟

(iii) ترکی میں جمعۃ المبارک کا آدھا آدھا خطبہ کن دو زبانوں میں دیا گیا؟

(iv) شیخوپورہ سے گزرتے ہوئے علی بخش کو کیا یاد آیا؟

(v) نام دیو کی موت کا سبب کیا تھا؟

(vi) چغل خور نے کسان کی بیوی کو کیا کہہ کر بدگمان کیا؟

(vii) کونسے راستے پر چلنے سے مصیبت خوشی میں تبدیل ہو جاتی ہے؟

(viii) شاعر کے ہاں مصیبت کے "راحت فزا" ہونے کی وجہ کیا ہے؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھئے: (i) چغل خور (ii) نظریۂ پاکستان 05

6۔ کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے: (i) قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ (ii) تحریک پاکستان (iii) سیلاب کی تباہ کاریاں 15

7۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے: 10

اسلام نے لفظ قوم کے معنی بدل دیئے ہیں۔ اسلام سے پہلے کے تمام قومی سلسلے، تمام قومی رشتے، نسل یا علاقے سے تعلق رکھتے تھے۔ لیکن اسلام نے لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ کے تحت ایک نیا روحانی بلکہ خدائی قومی رشتہ قائم کر دیا۔ اسلام کسی سے نہیں پوچھتا کہ وہ ترک ہے یا تاجیک، وہ افریقہ کا رہنے والا ہے یا عرب کا، وہ چین کا باشندہ ہے یا ماچین کا، پاکستان میں پیدا ہوا ہے یا ہندوستان میں، وہ کالے رنگ کا ہے یا گورے رنگ کا، بلکہ جس کسی نے اللہ کی توحید اور محمد رسول اللہ ﷺ کی رسالت کو مان لیا وہ ایک رشتے میں بندھ گیا۔ جس سے اچھا اور پیارا رشتہ اور کوئی نہیں ہے۔

سوالات:

(i) اسلام نے لفظ قوم کو کتنی وسعت دی ہے؟

(ii) کیا اسلام میں نسل اور علاقے کا امتیاز جائز ہے؟

(iii) اسلام میں ترکی کے مسلمان، چین کے مسلمان اور پاکستان کے مسلمان کے درمیان امتیاز قائم ہو گا؟

(iv) کیا گورے مسلمان کو کالے مسلمان پر کوئی فوقیت حاصل ہے؟

(v) اس عبارت کا عنوان لکھئے۔